تنقید و تبصرہ

اطاعت رسولؐ اور پرویز، شائع کردہ حلقۂ مذاکرات اسلامیہ ماڈل ٹاؤن لاہور، شائقین ۲۵ پیسے کے ٹکٹ بھیج کر جناب مولف سے طلب کر سکتے ہیں، پتہ یہ ہے، پروفیسر منظور احسن صاحب عباسیؔ کوٹھی نمبر ۱۱۲، ڈبلیو بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور۔

محترمی پروفیسر صاحب نے جناب پرویز صاحب کے عقائد و افکار مخصوص کی اصلاح کے لئے ٹریکٹوں کا جو سلسلہ شروع کیا ہے یہ اس کا تیسرا نمبر ہے پہلے دو ٹریکٹوں کا اشتہار "ندائے حق" میں شایع ہو چکا ہے۔ اس ٹریکٹ میں پرویز صاحب کے اس رسالہ کا جواب دیا گیا ہے۔ جس میں اُنہوں نے یہ بیان کیا ہے۔ کہ مسلمانوں کو احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع نہیں کرنا چاہئے صرف اللہ کا حکم ماننا چاہئے، یہی جناب پرویز صاحب کا مخصوص نظریہ ہے۔

پروفیسر صاحب نے اس رسالے میں قرآن حکیم ہی سے یہ ثابت کیا ہے کہ عبادت کا مستحق بلا شبہ اللہ کے سوا کوئی نہیں ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں اپنی اور اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کا حکم یکجائی طور پر بھی دیا ہے اور صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا حکم انفرادی طور پر بھی دیا ہے مثلاً اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ (سورۂ نور ع) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

یہ رسالہ اس لائق ہے کہ درد مند مسلمان اسے کثیر تعداد میں خریدیں اور منکرین حدیث میں مفت تقسیم کریں بلاشبہ یہ ایک بہت بڑی دینی خدمت ہوگی، اللہ تعالیٰ پروفیسر صاحب کو جزائے خیر دے اور حمایت دین کی مزید توفیق عطا فرمائے۔

سرگذشت غزالی" ، سائز ۱۸×۲۲، صفحات، ۱۸۰، قیمت تین روپے، شایع کردہ، ادارۂ ثقافت اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور۔

امام غزالیؒ کی شہرۂ آفاق کتاب "المنقذ من الضلال" کا اردو ترجمہ پہلی مرتبہ ۱۹۱۶ء میں نظر سے گزرا تھا، جسے سرسید مرحوم نے شائع کرایا تھا۔ اس کے بعد ۱۹۵۶ء میں دوسرا ترجمہ دیکھنے کا اتفاق ہوا جسے کتب خانہ دین و دنیا نے حیدرآباد سندھ سے شایع کیا، اب ۱۹۶۰ء میں یہ تیسرا ترجمہ سامنے آیا ہے جس کی خصوصیت یہ ہے کہ فاضل مترجم نے ۱۰۸ صفحات کا ایک مبسوط اور عالمانہ مقدمہ بھی شامل کر دیا ہے، اس کے مطالعہ سے کتاب کی اہمیت بھی واضح ہو جاتی ہے۔ اور مباحث کا سمجھنا بھی آسان ہو جاتا ہے،

یہ کتاب امام موصوفؒ نے اپنے ایک شاگرد رشید کے سوالات کے جواب میں لکھی تھی، چونکہ امام صاحب نے اس کتاب میں اپنی ذہنی اور فکری داستان اختصار کے ساتھ قلمبند کی ہے۔ اس لئے فاضل مترجم (مولانا محمد حنیف صاحب ندوی